دار الافتاء والقضاء — الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

سیریل نمبر	6559	نام	فرقان
فتویٰ نمبر	42351	پتہ	کراچی؟ پاکستان
تاریخ	6/24/2009	موضوع	طلاق
ای میل		کاتب	عرفان اللہ

[illegible]

میرا اور میری بیوی کا پچھلے چھ ماہ سے جھگڑا چل رہا تھا؟ میںنے چار دن پہلے اپنی بیوی کو تین لوگوں کے ساتھ پیغام بھیجا کے دو دن کے اندر گھر آجاؤ ورنہ میری طرف سے طلاق ھے مجھ سے پوچھا ایک یا تین تو مینے کھا تین؟ اور یہ بات مجھ سے دوبار اور پوچھی گی میں نے یہی دوہرایا؟ دو دن گزر گے ہیں بیوی نہں آئی؟ تو کیا ایک طلاق ہوئی یا تین؟ اور آگر تین ہوئی تو روجو ہو سکتا ھے یا نہیں؟ لڑکی آدت. بیٹھ گی ھے

الجواب حامداً ومصلیاً

صورتِ مسئولہ میں سائل کی بیوی پر مشروط تینوں طلاقیں واقع ہو کر حرمتِ مغلظہ ثابت ہو چکی ہے اب رجوع نہیں ہو سکتا اور بغیر حلالۂ شرعیہ کے دوبارہ باہم عقد نکاح بھی نہیں ہو سکتا۔ عورت ایامِ عدت کے بعد کسی دوسری جگہ جہاں چاہے اپنی مرضی سے عقد نکاح کر سکتی ہے۔

قال اللہ تعالیٰ: فان طلقها فلا تحل له من بعد حتى تنكح زوجاً غيره الآية (سورة البقرة آيت ۲۳۰)

في الهداية: وان كان الطلاق ثلاثا في الحرة أو ثنتين في الأمة لم تحل له حتى تنكح زوجاً غيره نكاحاً صحيحاً و يدخل بها ثم يطلقها أو يموت عنها الخ (ص۳۹۹/۲)

و فيه ايضاً: (واذا أضافه الى شرط وقعت عقيب الشرط مثل ان يقول لامرأته ان دخلت الدار فانت طالق هذا بالاتفاق (ص۳۸۵ ج۲)

واللہ اعلم بالصواب

بندہ عرفان اللہ عفی اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۰ ذیقعدہ ۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح
بندہ [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۰ ذوالقعدہ ۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح
عبد اللہ شوکت [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۰ ذوالقعدہ ۱۴۳۰ھ

۴۲۳۵۱
17/11/09

17/11/09